© rasailojaraid.com



مجالس خواتین　مولانا محمد اسحاق ملتانی　ضخامت: ۳۸۴ صفحات　قیمت: ۱۳۵ روپے

ناشر: ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان۔

ایک انقلاب آفرین کتاب جس کے مطالعہ سے نہ صرف خواتین بلکہ عامۃ المسلمین کی زندگیوں میں روحانی انقلاب آسکتا ہے، جس میں پہلی امتوں کی نیک مؤمنات ازواج مطہرات، بنات طیبات، رسول ﷺ، صحابیات، تابعیات، قاریات، محدثات، اولیاء اللہ کی ازواج محترمات اور دیگر پاکباز خواتین کے علم و فضل زہد و تقویٰ عفت و عصمت عزم و ہمت ایثار و وفا اور عرفان و سلوک کے فکر انگیز حالات اور واقعات درج ہیں۔ ارشاد باری ہے کہ

"من عمل صالحاً من ذکر او انثیٰ وھو مؤمن فلنحیینہ حیوۃ طیبۃ"

یہ حیات طیبہ اور محبت و معرفت خداوندی کی دولت صالحین کی مجالست اور مصاحبت و ہم نشینی سے حاصل ہوتی ہے، مرد حضرات کو ایسے مواقع نسبتاً زیادہ میسر آتے ہیں جبکہ خواتین عام طور سے صالحات قانتات کی ہم نشینی سے محروم رہتی ہیں چونکہ حضرات صوفیاء نے اہل اللہ کی مبارک مجالس کا نعم البدل ان کے ارشادات و ملفوظات اور حالات کو قرار دیا ہے جن کے پڑھنے سے باطنی انوار قاری کی طرف منتقل ہوتے ہیں اور جس سے قلب میں تاثیر اور عمل کی تحریک پیدا ہوتی ہے اسی ضرورت کو مد نظر رکھتے ہوئے مرتب کتاب مولانا محمد اسحاق صاحب ملتانی نے یہ عظیم کتاب ترتیب دی ہے انشاء اللہ یہ کتاب خواتین و مستورات کی دینی اصلاح اور حقیقی ترقی کا ذریعہ ہوگی۔ زیر تبصرہ کتاب میں ان محسنات عفیفات کا ذکر ہے جن کا مثالی کردار قافلہ انسانیت کیلئے جادہ مستقیم اور بانگ درا ہے۔ ہماری رائے میں اس کتاب کا مطالعہ ہر گھرانے کیلئے ناگزیر ہے۔ خوبصورت اور دیدہ زیب طباعت نے کتاب کے ظاہری حسن میں مزید اضافہ کیا ہے۔

© rasailojaraid.com

**خریدار حضرات** سے گزارش ہے کہ خط و کتابت کرتے وقت اپنا واپسی پتہ صاف اور خوشخط لکھا کریں اور خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں۔ (ناظم ماہنامہ الحق)



© rasailojaraid.com